© rasailojaraid.com



## ۶۔ "عروجِ اقبال"

مصنف : ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی

ناشر: بزم اقبال، لاہور۔

مبصر: سید جاوید اقبال

اقبالیات کے عظیم اور ضخیم سرمائے میں چند کتابیں بہت نمایاں مقام رکھتی ہیں؛ جن میں ڈاکٹر یوسف حسین خاں کی "روح اقبال"، خلیفہ عبدالحکیم کی "افکارِ اقبال"، ڈاکٹر غلام مصطفی خاں کی "اقبال اور قرآن" اور جسٹس جاوید اقبال کی "زندہ رود"۔ ہمارے خیال میں ڈاکٹر افتخار احمد صدیقی کی "عروجِ اقبال" بھی اسی مرتبے کی تصنیف ہے۔

یہ کتاب "بزم اقبال" لاہور نے شایع کی ہے۔ ۴۳۰ صفحات پر مشتمل یہ کتاب اقبال کی شخصیت اور فکر و فن کے ارتقا کا دور بہ دور جائزہ پیش کرتی ہے۔ یہ ۱۸۷۷ء سے ۱۹۰۸ء کے عرصے پر محیط ہے۔

"عروج اقبال" تین ابواب میں منقسم ہے۔ ہر باب کو مزید تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے اور ہر حصے کو مختلف ذیلی عنوانات کے تحت پیش کیا گیا ہے۔ ہر باب کے آخر میں کتابیات اور حوالہ جاتی فہرست ہے۔ علاوہ ازیں کتاب کے آخر میں اشاریہ ہے، جو اشخاص، تحریکات اور اداروں کی تفصیل پیش کرتا ہے۔

باب اول میں اقبال کی شخصیت و سیرت کی بنیادی تشکیل کے محرکات کا جائزہ لیا گیا ہے۔ اس جائزے کو اقبال کے اجداد سے شروع کیا گیا ہے۔ اس میں اجداد کے متعلق کئی گم نام گوشے بھی سامنے آتے ہیں۔ دوسرا باب اقبال کی شخصیت کی ارتقائی منازل کی بھرپور تفصیل پیش کرتا ہے۔ جبکہ تیسرا باب اقبال کی ذہنی

© rasailojaraid.com